
## EFU LIFE ASSURANCE LTD.

EFU Life House, Plot No. 112, 8th East Street, Phase I, DHA, Karachi.
Fax: (021) 34537519, Email: csd@efuhemayahtakaful.com

(021) 111-338-436 (111-EFU-HEM) efuhemayahtakaful.com SMS EFUHEM 9898

*EFU Life – Window Takaful Operations*

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL



# HEMAYAH TAKAFUL CAPITAL GROWTH PLAN

Hemayah – Aap ki Khushiyon ka Saibaan!



# Make tomorrow a bright reality

EFU Life introduces its range of Family Takaful products under "Hemayah" - a dedicated Shariah Compliant Window Takaful brand. Hemayah is derived from its root in Arabic and signifies the "protection" that is offered by EFU Life's Family Takaful products to support you and your family's future, at every step of your life.

## Hemayah Takaful Capital Growth Plan

**Hemayah Takaful Capital Growth Plan** is an investment-linked takaful product which is a unique Shariah Compliant Single Contribution plan that will enable you to achieve real capital growth along with the added benefit of Takaful coverage. With just a single contribution investment in this plan, you can enjoy stable Shariah Compliant returns over the long term on your investments. The plan acts as a financial protection vehicle and investment shield securing your financial well being so you could enjoy and live a prosperous life. Hemayah Takaful Capital Growth Plan ensures that all your investments are channelized effectively in Shariah Complaint investment opportunities, with our fund management expertise, to provide maximum returns from your investment.



## Disclosure of Product

**This is a Family takaful product which has two distinct elements i.e., Protection and Investment. The Investment Component is linked to the performance of underlying assets under unit linked fund(s).**

## Free Look Period

**If you decide to cancel your membership within fourteen days of receiving the membership document, you are entitled for a full refund of Contribution as a benefit less any expenses incurred by EFU Life - WTO in connection with our medical or clinical examinations**


## What is Takaful?

Takaful is a Shariah compliant way of safeguarding yourself and your family against future financial losses. Individuals in the community come together for a common purpose and contribute into a Waqf Fund operated by a Takaful Operator to protect themselves against future financial losses. A Family Takaful Plan assists participants to share their risk on the basis of cooperation, brotherhood, mutuality, and solidarity for a common good.

## How does the Takaful Membership operate?

**Hemayah Takaful Capital Growth Plan** can be easily customized to suit your specific needs. You can decide on the level of Takaful protection and investment, which is in line with your long-term financial planning goals.

The following pictorial representation summarizes how your Takaful membership will operate with EFU Life:






## **Opportunity for growth –** Shariah compliant investments

All available funds are categorized with their risk profiling as per the investment criteria.

| Funds | | |
|---|---|---|
| EFU Takaful Growth Fund | EFU Takaful Conservative Fund* | EFU Takaful Aggressive Fund |
| Fund Categorization: Balanced | Fund Categorization: Income Fund | Fund Categorization: Aggressive |
| Risk Profile: Medium | Risk Profile: Low | Risk Profile: High |
| A unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising Shariah-Compliant investments. The objective of the fund is to maximize capital growth by investing in a portfolio spread across a wide range of investments such as Islamic mutual funds, approved equities, term deposits in Islamic Banks, and Sukuk Bonds | EFU Takaful Conservative Fund has a conservative investment allocation strategy and low risk. This is a unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising Shariah-compliant government securities, non-equity Shariah coplant mutual funds, Shariah-compliant short-term deposits, and cash in Islamic banks or Islamic windows of conventional banks. The fund aims to provide stable investment returns with minimal risk and is suitable in times of the volatile stock market | A unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising Shariah-Compliant investments, aimed at maximizing capital growth by using investments with an aggressive market outlook. |

**Multiple Funds Option:** Under this option you have a facility to select a mix of two unit linked funds of the plan. Fund mix can be selected in the multiples of 10%. It means that the funds split can be of 90/10, 80/20, 70/30, 60/40 or 50/50.

*EFU Takaful Conservative Fund to be selected by default

## **Surplus sharing –** A unique feature of Takaful

Takaful offers a unique feature of surplus sharing to the Participants in addition to risk mitigation benefits. By contributing Tabarru (donation) into the Participants' Takaful Fund (PTF), the participant may be entitled to a share of possible surplus funds. At the end of each year, EFU Life will determine the surplus in the PTF based on the method approved by the Shariah Advisor and Appointed Actuary.

A part of the surplus may be distributed back to the participant in the form of Bonus Units through an additional unit allocation in the Participant's Investment Account (PIA). These Bonus Units will enhance the Cash Value of your Takaful plan.

## **Access to your savings –** At any time

Nobody can predict the future. If your circumstances change and you require funds during the Membership Term, you can encash your Plan for the total cash value in the PIA at any time.

Alternatively, if you need a small proporation of the capital you have built up, the plan allows you to make partial withdrawals at any time whilst keeping the plan inforce. This facility is subject to a minimum of Rs. 20,000 remaining as Basic Cash Value after such withdrawals.

## **Takaful benefits –** The essence of mutual cooperation

**DEATH**

The moment you start your membership with the Hemayah Takaful Capital Growth Plan, you will benefit from the investment returns and reasonable Takaful protection. This means that in the unfortunate event of death during the Membership Term, the Takaful benefit will be payable as follows:

**The Sum At Risk and Surplus (if any) from the Participants' Takaful Fund (PTF)**

Plus

**The Basic Cash Value of Participants' Investment Account (PIA)**

Plus

**The Cash Value from Fund Acceleration Contributions in the Participants' Investment Account (PIA).**

(The Sum at Risk is equal to the Sum Covered less basic cash value in PIA)

## Important Details

**ELIGIBLE AGE AND TERM**

The product is available to anyone between the ages of 18 to 70. As it is a Single Contribution whole of life plan, it has no fixed term.

**CONTRIBUTION**

The minimum contribution is Rs. 60,000 with no maximum limit.

## CHARGES:

Following charges apply on the Basic Takaful Plan based on the principle of Wakalat-ul-Istismar.

| Charges | Rate / PKR |
|---|---|
| Investment Management Charge | 0.125% of the fund value per month |
| Bid/Offer Spread | 5% of the net contribution |
| Allocation charges | As per the above "Unit Allocation" table |
| Takaful Donation (Waqf Donation) | An age-based Takaful Donation applies for the Takaful cover each year and is dependent on the sum at risk. No Takaful Donation charges applies in years where the cash value exceeds sum covered. |

**Wakala Charge from Waqf Fund: 40% of the Takaful donation**

## FUND ACCELERATION CONTRIBUTIONS

In case the Participant has extra funds available, the Plan provides the flexibility to invest these funds to provide a boost to savings. These lump sum contributions are called Fund Acceleration Contributions (FAC). The minimum amount of fund acceleration is Rs 60,000.

## UNIT ALLOCATION

100% of net single contributions will be allocated to units of Takaful Growth Fund.

100% of Fund Acceleration Contribution, if any, will be allocated.



## SUM COVERED

On death, the Sum Covered can be as high as 1.25 times the Original Single Contribution.

**Important Notes**

- This product is underwritten by EFU Life – Window Takaful Operations, hence EFU Life is responsible for all underwriting risk.
- Arrangement of all Takaful Claims, charges and payments relating to the Takaful Policies shall be the sole and exclusive responsibility of EFU Life.
- The contributions in the Plan are invested in the unit linked Funds.
- The past performance of fund is not necessarily a guide to future performance.

Any forecast made is not necessarily indicative of future or likely performance of the funds and EFU Life will not incur any liability for the same.

- The investment risk of the selected Fund shall be borne by the participant.
- A description of how the contract works is given in the Participant's Membership Document.
- Please contact our Head Office or Takaful Consultant for a personalized illustration of benefits.



efu LIFE

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم الله الرحمن الرحيم

# CERTIFICATE OF SHARIAH COMPLIANCE

### FOR EFU LIFE ASSURANCE LTD – WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

In the capacity of Shariah Advisor of EFU Life Assurance Ltd – Window Takaful Operations, I certify that I have reviewed the structure of **Hemayah Takaful Capital Growth Plan** which is based on the Wakalah-Waqf Takaful model. I have also examined all relevant processes and documents including the Participant's Membership Document. In addition, I have reviewed in detail the investments with regard to all Takaful Funds.

Based on Shariah rulings and to the best of my knowledge and belief, the **Hemayah Takaful Capital Growth Plan** of EFU Life Assurance Ltd – Window Takaful Operations, investments of all Takaful Funds, relevant documents and processes are compliant from all aspects of Shariah.

In my opinion, it is permissible from the Shariah point of view to obtain Membership in this product and benefit from it.

And Allah Knows Best.

Mufti Muhammad Ibrahim Essa
Shariah Advisor

مفتی
محمد ابراہیم عیسیٰ
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز

HEMAYAH

EFU FAMILY TAKAFUL

ای ایف یولائف-ونڈو تکافل آپریشنز



# حمایہ تکافل کیپیٹل گروتھ پلان

حمایہ - آپ کی خوشیوں کا سائبان!


**ای ایف یولائف اشورنس لمیٹڈ۔**

ای ایف یولائف ہاؤس، پلاٹ نمبر۔112، 8th ایسٹ اسٹریٹ، فیز1، DHA، کراچی، پاکستان

فیکس: 34537519 (021) ای میل: csd@efuhemayahtakaful.com

(021) 111-338-436 (111-EFU-HEM) efuhemayahtakaful.com EFUHEM 9898



# اپنے مستقبل کو روشن بنائیں

"EFU لائف "حمایہ" کے زیرِ اہتمام فیملی تکافل پروڈکٹس کی ایک نئی رینج متعارف کروا رہا ہے۔ حمایہ شرعی تقاضوں کے مطابق ایک ونڈو تکافل برانڈ ہے۔ حمایہ عربی زبان سے ماخوذ ہے جس کے معنی " تحفظ " کے ہیں۔ یہ EFU لائف کے فیملی تکافل پروڈکٹس کی جانب سے پیش کیا گیا ہے تا کہ آپ اور آپ کی فیملی کا مستقبل ہر لمحہ محفوظ رہے۔

## حمایہ تکافل کیپیٹل گروتھ پلان



حمایہ تکافل کیپیٹل گروتھ پلان ایک تکافل انویسٹمنٹ لنکڈ پروڈکٹ ہے جو شرعی تقاضوں کے مطابق ایک منفرد سنگل کنٹری بیوشن پلان ہے جو آپ کو اصل سرمائے میں اضافے کے ساتھ ساتھ تکافل کوریج کے اضافی فوائد بھی فراہم کرتا ہے۔ اس پلان میں سنگل کنٹری بیوشن کی سرمایہ کاری کر کے آپ اپنی سرمایہ کاری پر شرعی تقاضوں کے مطابق طویل عرصے تک مستحکم منافع حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ پلان آپ کے مالی استحکام کیلئے مالیاتی تحفظ اور انویسٹمنٹ شیلڈ کی حیثیت رکھتا ہے تا کہ آپ ایک خوشحال زندگی بسر کر سکیں۔ حمایہ تکافل کیپیٹل گروتھ پلان اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہمارے ماہرین آپ کی تمام تر سرمایہ کاری شرعی تقاضوں کے مطابق موقعوں میں مؤثر انداز سے کرتے ہیں تا کہ آپ کو سرمایہ کاری پر زیادہ سے زیادہ منافع حاصل ہو۔

## پروڈکٹ کا اظہار

**اس فیملی تکافل پروڈکٹ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: تکافل کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) میں مو جود اثاثہ جات کی کارکردگی سے**

## غور و فکر کا دورانیہ (فری لک پیریڈ)


**اگر آپ میمبر شپ دستاویز کی وصولی کے چودہ دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہین تو ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشیز بطور فائدے کے طبی یا کلینکل معائنہ کے سلسلے میں پیش آنے والے اخراجات منہا کر کے کنٹر بیوشن کے مساوی رقم کی ادائیگی کا انتظام کرے گی**

## تکافل کیا ہے؟

تکافل دراصل شرعی تقاضوں کے تحت مستقبل میں ہونے والے مالی نقصانات سے آپ اور آپ کی فیملی کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔
کمیونٹی کے افراد مشترکہ مقاصد کیلئے یکجا ہوتے ہیں اور مستقبل میں ہونے والے نقصانات سے خود کو محفوظ رکھنے کیلئے وقف فنڈ میں رقم جمع کرتے ہیں جو کہ تکافل آپریٹر کے زیرِ نگرانی کام کرتا ہے۔ فیملی تکافل پلان باہمی تعاون، بھائی چارہ اور یکجہتی کی بنیاد پر شرکاء کی مشترکہ مقاصد کیلئے معاونت کرتا ہے۔

## تکافل ممبر شپ کا عملی طریقہ

حمایہ تکافل کیپیٹل گروتھ پلان آپ کی مخصوص ضروریات کے مطابق منتخب کیا جا سکتا ہے۔ آپ تکافل پروٹیکشن کا فیصلہ مطلوبہ ضرورت اور سرمایہ کاری کی بنیاد پر کر سکتے ہیں، جو آپ کی طویل المدت مالی اہداف کے حصول پر پورا اترتی ہو۔
درج ذیل تصویری خاکے میں اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ تکافل ممبر شپ کس طرح EFU لائف حمایہ تکافل کے ساتھ آپریٹ ہوتی ہے:






## سرمائے کی نشو ونما کے مواقع۔شرعی تقاضوں کے مطابق سرمایہ کاری

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے

| فنڈ | | |
|---|---|---|
| ای ایف یو تکافل گروتھ فنڈ | ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ* | ای ایف یو تکافل ایگریسو فنڈ |
| فنڈ کی قسم: متوازن | فنڈ کی قسم: انکم فنڈ | فنڈ کی قسم: ایگریسو |
| رسک پروفائل: درمیانی | رسک پروفائل: کم | رسک پروفائل: زیادہ |
| یہ یونٹ سے منسلک ایک شرکاء تکافل سرمایہ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔فنڈ کا مقصد ایک پورٹ فولیو کے پھیلاؤ میں سرمایہ کاریوں کی ایک وسیع رینج میں جیسے کہ اسلامک میوچل فنڈز، منظور شدہ مالی ایکوٹیز، اسلامی بینکوں میں ٹرم ڈپازٹ اور صکوک بانڈز جیسی اسکیموں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر کے حاصل شدہ سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔ | ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ سرمایہ کاری کی تخصیص کی ایک محتاط حکمت عملی رکھتا ہے اور اس میں کم خطرہ شامل ہوتا ہے۔ یہ شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز، شریعت کے مطابق غیر ایکوٹی میوچل فنڈز، شریعت کے مطابق قلیل المدت ڈپازٹس، اسلامی بینکوں میں یا مروجہ بینکوں کی اسلامک ونڈوز میں دی جانے والی حدمات میں نقد پر مشتمل یونٹ سے منسلک شرک تکافل سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) ہے۔ | یہ یونٹ سے منسلک شرکاء تکافل سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاری پر مشتمل ہے۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔ |

## مختلف فنڈ کا انتخاب (ملٹپل فنڈ آپشن):

اس آپشن کے تحت آپ پلان کے یونٹ سے منسلکہ 2 فنڈز کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ ان فنڈز کا 10 فیصد کے ملٹپلز میں انتخاب کا جا سکتا ہے۔ روپے سے زائد کے کنٹریبیوشن کی صورت میں 500,000 تکافل اگریسیو فنڈ کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔

***ای ایف یو کنزرویٹو فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## سرپلس شیئرنگ۔تکافل کی ایک منفرد خصوصیت

تکافل خطرات کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ شرکاء کو سرمائے کی سرپلس شیئرنگ کی منفرد خصوصیت بھی پیش کرتا ہے۔ پارٹیسپنٹ تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) میں بطور تبرّع رقم جمع کروا کر ممکنہ سرپلس کے حصے کا حقدار ہوسکتا ہے۔ ہر سال کے اختتام پر ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریٹر پارٹیسپنٹ تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) میں موجودہ رقم کا تعین کرے گی جو کہ شریعہ ایڈوائزر اور مقرر ایکچوری کی جانب سے منظوری کی بنیاد پر ہوگا۔

سرمائے کا ایک حصہ آپ کے پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (پی آئی اے) میں اضافی یونٹ ایلوکیشن کے ذریعے بونس یونٹس کی صورت میں آپ کو دیا جاسکتا ہے۔ یہ بونس یونٹس آپ کے تکافل پلان کی کیش ویلیو میں اضافہ کریں گے۔

## بچتوں تک آپ کی رسائی۔کسی بھی وقت

مستقبل کے بارے میں کوئی بھی پیشنگوئی نہیں کرسکتا۔ اگر آپ کے حالات تبدیل ہوں اور ممبر شپ کے دوران آپ کو نقد رقم کی ضرورت پڑ جائے، تو آپ پی آئی اے میں موجودہ کیش ویلیو کسی بھی وقت حاصل کر سکتے ہیں۔ براہ مہربانی یہ یاد رکھیے کہ چونکہ یہ پلان طویل المیعاد مالی ضروریات کے لئے تشکیل دیا گیا ہے لہٰذا ابتدائی سالوں میں اس کی قدر کم ہونے کا امکان ہے۔

بصورت دیگر یہ بھی ممکن ہے کہ آپ اپنے پلان میں موجودہ سرمائے کا ایک مختصر حصہ لینا چاہتے ہوں۔ یہ پلان آپ کو کسی بھی وقت جزوی واپسی کی سہولت فراہم کرتا ہے اور اس کے ساتھ پلان کو قابل عمل رکھنے کے لئے کنٹری بیوشن کی ادائیگی بھی جاری رکھی جاسکتی ہے۔ براہِ مہربانی نوٹ کرلیں کہ یہ سہولت اس بات سے مشروط ہے کہ اس طرح جزوی طور پر رقم لینے کے بعد بنیادی کیش ویلیو کے طور پر پلان میں کم از کم 20,000 روپے موجود ہونا چاہئیں۔

## تکافل فوائد۔باہمی تعاون کا ایسنس

### ڈیتھ

حمایہ تکافل کیپیٹل گروتھ پلان سے جب آپ کی ممبرشپ کا آغاز ہوگا تو آپ کو سرمایہ کاری کے منافع اور مناسب تکافل پروٹیکشن سے فائدہ حاصل ہوگا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ ممبرشپ مدت کے دوران خدانخواستہ وفات ہونے کی صورت میں تکافل بینیفٹ درج ذیل کے تحت فراہم کیا جائے گا:

**سم ایٹ رسک کا مطلب زر تحفظ کی وہ رقم ہے جو کہ کیش ویلیو میں سے منہا کرنے کے بعد حاصل ہوتی ہے۔**

اور

**پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ(PIA) کی بیسک نقدی مالیت**

اور

**پارٹیسپنٹ کے انویسٹمنٹ اکاؤنٹ میں فنڈ ایکسلیریشن کنٹری بیوشنز سے کیش ویلیو۔**

## اہم تفصیلات

### اہلیتِ عمر اور مدت

یہ پروڈکٹ ہر اس فرد کیلئے دستیاب ہے جس کی عمر 18 تا 70 سال ہو۔ چوں کہ یہ سنگل کنٹری بیوشن زندگی بھر کا ایک لائف پلان ہے، اس کی کوئی معینہ مدت نہیں ہے۔

### کنٹری بیوشن

کم سے کم کنٹری بیوشن 60,000 روپے ہے اور زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں ہے۔

### فنڈ ایکسلیریشن کنٹری بیوشنز

پارٹیسپنٹ کی ملکیت میں اضافی فنڈز دستیاب ہونے کی صورت میں پلان ان فنڈز کی سرمایہ کاری کی سہولت فراہم کرتا ہے تا کہ بچت میں اضافہ ہو سکے۔ یہ مجموعی کنٹری بیوشنز، فنڈ ایکسلیریشن کنٹری بیوشنز کہلاتی ہیں۔ فنڈ ایکسیلیریشن کی کم سے کم رقم 60,000 ہے

### یونٹ ایلوکیشن

کُل سنگل کنٹری بیوشنز کا 100 فیصد تکافل فنڈز کے یونٹس میں تفویض کیا جائے گا۔ فنڈ ایکسلیریشن کنٹری بیوشن کا 100 فیصد، اگر ہو تو تفویض کیا جائے گا۔

### اخراجات

بیسک تکافل پلان پر درج ذیل اخراجات لاگو ہوں گے جو وکالۃ الاستثمار کی بنیاد پر ہیں:

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
|---|---|
| بِڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ کنٹری بیوشن کا 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| **ایلوکیشن چارج** | اوپر دیئے گے **ایلوکیشن ٹیبل کے مطابق** |
| تکافل ڈونیشن (وقف ڈونیشن) | شریک تکافل کی عمر اور سم ایٹ رسک کے حساب سے ایکچوریل کی طرف سے مقرر کردہ رقم جو کہ شریک تکافل فنڈ میں ہر سال جمع کی جائیگی۔ البتہ جب کیش ویلیو سم کورڈ (زرتحفظ) سے بڑھ جائے تو تکافل ڈونیشن کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی۔ |

**وقف فنڈ سے وکالہ فیس: تکافل عطیے کا 40 فیصد**



## غور وفکر کادورانیہ

یہ پالیسی کے اجرا سے لے کر چودہ دن تک کا دورانیہ ہے جس میں شریک تکافل پالیسی کے شرائط و ضوابط پر نظر ثانی کر سکتا ہے۔
اگر آپ غور و فکر کی مدت میں ہی اپنی پالیسی منسوخ کرنا چاہیں تو آپ کو پی ایم ڈی کی متعلقہ شق کے مطابق بطور فائدے کے کنٹریبوشن کے مساوی رقم ادا کردی جائیگی۔

## انتباہ:

- اس پروڈکٹ کی ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشن نے انڈر رائٹنگ کی ہے، چنانچہ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشن تمام انڈر رائٹنگ خطرات کا ذمہ دار ہے۔
- تکافل پالیسیز سے متعلق تمام دعووں، چارجز اور ادائیگیوں کی ترتیبات کی ذمہ داری صرف اور صرف ای ایف یو لائف WTO پر لاگو ہوگی۔
- پلان کے کنٹری بیوشنز کی تکافل یونٹ لنک فنڈز میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔
- ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کاردگی مستقبل میں کارکردگی کی ضمانت ہو۔ اس حوالے سے کوئی بھی پیشنگوئی ضروری نہیں کہ مستقبل میں فنڈز کی کارکردگی ظاہر کرے، لہٰذا ای ایف یو لائف WTO ایسی کسی بھی ذمہ داری سے بری الذمہ ہے۔
- منتخب فنڈ میں سرمایہ کاری کا خطرہ شریکِ تکافل کو برداشت کرنا ہوگا۔
- یہ معاہدہ کس طور کام کرتا ہے، اس کی وضاحت پارٹیسپنٹ کے ممبرشپ دستاویزات میں کی گئی ہے۔
- براہ مہربانی فوائد کی شخصی تشریح کے لئے ہمارے ہیڈ آفس یا تکافل کنسلٹنٹ سے رابطہ کیجئے۔



efu LIFE

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## ای ایف یو حمایہ تکافل کیپٹل گروتھ پلان کی شرعی حیثیت

ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ۔ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر ہونے کی حیثیت سے میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ حمایہ تکافل کیپٹل گروتھ پلان وقف اور وکالت کے اصول پر مبنی ہے۔

نیز میں نے مذکورہ اسکیم کے دستاویزی کاغذات، عملی تطبیق اور متعلقہ دیگر امور بشمول سرمایہ کاری کا بغور جائزہ لیا ہے اور بحمد اللہ میں نے ان تمام امور کو شریعت کے مطابق پایا ہے، لہذا میری رائے میں ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ۔ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے پیش کردہ حمایہ تکافل کیپٹل گروتھ پلان کی رکنیت حاصل کرنا اور اس سے فوائد حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالی اعلم

مفتی محمد ابراہیم عیسٰی
شرعی مشیر۔ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز

مُفتی
محمد ابراھیم عیسٰی
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز